
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

شانی مانی




ڈھکن




عینی



دوپٹہ



کھلونے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 10 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# شانی مانی

## سیشن 1

**10 منٹ** • بچوں کو کہانی کی کتاب دیں۔

- کہانی **شانی مانی** پڑھ کر سنائیں۔
- 8 - 10 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کے ساتھ دوہرائیں۔

**10 منٹ** • بچوں سے جوڑی (pairs) پر بات چیت کریں۔ جیسے جوتوں کی جوڑی، موزوں کی، کان کی بالی اور دستانے وغیرہ۔ بچے جن چیزوں کے نام بتائیں انہیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔

**25 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ بورڈ سے فہرست اپنی کوپی میں اتار لیں اور 3 الفاظ کے جملے بنائیں۔

## سیشن 2

**10 منٹ** • 8 - 10 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**35 منٹ** • بچوں سے بڑھتی ہوئی کہانی لکھوائیں۔

- کہانی میں دوہرے الفاظ مثلاً کودتا کودتا، بھاگتا بھاگتا، استعمال ہوئے ہیں۔
- بچوں کے ساتھ مل کر 10 ایسے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ ان الفاظ کی مدد سے کلاس کے بچوں کے ساتھ مل کر کہانی لکھیں۔ ہر بچہ کہانی میں ایک لائن کا اضافہ کرے اور اس طرح کہانی مکمل کریں۔
- جیسے جیسے کہانی بڑھتی جائے بورڈ پر لکھتی جائیں۔
- کہانی کی شروعات خود کریں۔ مثلاً دیکھتے دیکھتے شانی اور مانی جنگل پہنچ گئے۔

<u>ڈھکن</u>

# سیشن 3

15 منٹ • کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے پوچھیں کہ انہیں معلوم ہے کہ ڈھکن کیا ہوتا ہے۔ اگر بچوں کو نہیں معلوم تو انہیں بتائیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ ڈھکن کن کن چیزوں پر لگے ہوتے ہیں۔ بچے جو جواب دیں ان کی فہرست بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً: بوتل دیگچی ڈونگے ڈبے گٹر
- فہرست مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ اسے پڑھیں۔ سب چیزوں کے نام ایک دفعہ بچوں کے ساتھ دہرائیں۔

15 منٹ • کہانی **ڈھکن** پڑھ کر سنائیں۔ 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔

- بچوں سے کہیں کہ جس طرح کہانی میں دیگچی، چمچہ، ڈھکن اپنے بارے میں بتاتے ہیں اسی طرح وہ اپنے بارے میں 3 جملے لکھیں۔ پہلے اپنا نام لکھیں پھر اپنے بارے میں لکھیں۔ مثلاً:
- میرا نام_______ ہے۔
- مجھے غصہ جلدی آتا ہے۔
- میں ہر ایک کی مدد کرتا / کرتی ہو۔
- میں امی کے ساتھ کھانا پکاتا / پکاتی ہوں۔
- میں گانا اچھا گاتا / گاتی ہوں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 4 کے لئے 5 ڈھکن اور چمچوں کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 4

**10 منٹ** • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**25 منٹ** • بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں جواب لکھیں۔

1) دیگچی کس کام میں استعمال ہوتی ہے؟
2) چمچہ کس کس کام کے لئے ہوتا ہے؟
3) پلیٹ کا کیا کام ہے؟
4) ڈھکن کا کیا کام ہے؟

**10 منٹ** • بچوں کے 5 - 4 گروپ بنائیں۔ ڈھکن اور چمچے ہر گروپ کو باری باری دیں۔ بچے انہیں ڈرم (drum) کی طرح استعمال کریں اور گانا گائیں۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔

# عینی

## سیشن 5

**10 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ عینک کیوں پہنتے ہیں۔ ممکن ہے بچے کہیں نظر کمزور ہونے کی وجہ سے۔ دھوپ سے بچنے کے لئے چشمہ لگاتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ لوگ جو تیز آگ کے پاس کام کرتے ہیں جیسے ویلڈر وہ بھی ایک خاص قسم کی عینک پہنتے ہیں۔ تیراک بھی عینک کا استعمال کرتے ہیں۔

- اب بچوں سے پوچھیں کہ کلاس میں کتنے بچے عینک پہنتے ہیں۔ جو بچے عینک استعمال کرتے ہیں ان سے پوچھیں انہیں عینک پہننا پسند ہے اور کیوں۔

**10 منٹ** • کہانی عینی پڑھ کر سنائیں۔

- 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں اور بورڈ پر ان الفاظ کی جوڑ توڑ لکھیں۔

**20 منٹ** • بچے کوپی نکالیں۔

- اردو الفاظ اور ان کا انگریزی ترجمہ بورڈ پر بچوں کے ساتھ مل کر لکھیں۔ بچے الفاظ اور ان کا ترجمہ کوپی میں اتار لیں۔

| English | اردو | English | اردو |
|---|---|---|---|
| nose | ناک | home | گھر |
| hand | ہاتھ | spectacles | عینک |
| fan | پنکھا | faces | چہرے |
| ceiling | چھت | ears | کانوں |
| shop | دوکان | hold | پکڑ |

## ہوم ورک

5 منٹ • نیچے دیئے ہوئے الفاظ سے املا کی تیاری کریں۔

سختی دیکھا عینک تھما چہرے بیٹھا بیچارہ گھومتا لیٹے چڑاتے

### ٹیچر کے لئے نوٹ


سیشن 6 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق"8 x "10 کے رنگین کارڈ پیپر پر صفحہ 7 پر دیا گیا عینک کا خاکہ تیار کر لیں۔ اسی تعداد میں چھوٹی قینچیوں کا انتظام کر لیں۔ گوند کا بھی انتظام کر لیں۔

# سیشن 6

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

- املا کی اصلاح کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

30 منٹ • بچوں کو "8 x "10 کا کارڈ پیپر دیں۔ بچے اس پر بنے خاکہ کی مدد سے اپنے لئے چشمہ بنائیں۔ اپنی عینک کو سجا بھی سکتے ہیں۔


موڑیں
ٹیپ کریں

# سیشن 7

10 منٹ
- کہانی دوپٹہ پڑھ کر سنائیں۔
  - 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ
- فعل کے بارے میں بتائیں کہ یہ ایسا لفظ ہے جو کسی کام کے کرنے کا بتائے۔ مثلاً:
  بھاگنا کھیلنا دوڑنا کھانا سونا
  - بچوں کے ساتھ مل کر مختلف **فعل** الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان کا استعمال سمجھائیں۔

15 منٹ
- بچے کوپی نکالیں۔ کہانی میں دیئے گئے **فعل** الفاظ لکھیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ
- کہانی میں سے 3 **فعل** الفاظ چن کر جملے بنائیں۔

# سیشن 8

10 منٹ • 10 - 8 بچوں کو موقع دیں کہ ہوم ورک میں دیئے ہوئے جملے پڑھ کر سنائیں۔ کوشش کریں کہ جن بچوں نے کہانی کلاس میں نہیں پڑھی ہے انہیں اپنے جملے سنانے کا موقع ملے۔

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ وہ اپنی امی کے دوپٹہ کے ساتھ کوئی کھیل کھیلتے ہیں۔ مثلاً:

- اس سے رسی کودنا۔
- دوپٹے سے لمبے بال بنانا۔
- تتلی پکڑنے کے لئے استعمال کرنا۔
- پگڑی بنانا۔

کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو بات چیت کا موقع ملے۔

25 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ نیچے دیئے گئے جملے بورڈ سے اتاریں۔ کہانی پڑھ کر خالی جگہ پر کریں۔

1) سارہ اور اس کی ____________ باغ میں گئیں۔
2) وہ اپنے ساتھ ____________ لے گئیں۔
3) ہوا چلی اور دوپٹہ ____________۔
4) سب دوپٹے کے پیچھے ____________۔
5) دوپٹہ درخت پر ____________ گیا۔
6) دوپٹے نے ____________ کر گزرتی پتنگ پکڑ لی۔
7) ____________ نے دوپٹہ پکڑ لیا۔
8) سب نے مل کر ____________ کھیلی۔

# کھلونے

## سیشن 9

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ وہ کس طرح کے کھلونوں سے کھیلتے ہیں۔ ایک ایک کر کے بچوں سے ان کے پسندیدہ کھلونے کا نام پوچھیں۔

- بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور جوڑ توڑ کے ساتھ پڑھوائیں۔

10 منٹ • 8 - 10 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

20 منٹ • واحد جمع پر کام کروائیں۔

- بچوں کو واحد جمع کا فرق بتائیں۔
- بورڈ پر کہانی میں دیئے واحد اور جمع الفاظ لکھیں۔

گلاسوں کھلونے کھانا ڈبے دیگچی گاڑی پلیٹیں چاول

- بچے یہ الفاظ الگ الگ کر کے واحد اور جمع کے کولم میں لکھیں۔
- واحد الفاظ کی جمع اور جمع الفاظ کی واحد لکھیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • گھر سے اپنا پسندیدہ کھلونا لائیں۔

# سیشن 10

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کوئی ایسا کھلونا ہے جو ان کے پاس نہیں ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ ہو اور کیوں۔ ہر بچے کو بات چیت کا موقع دیں۔ نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔

10 منٹ
- بچے ایک دوسرے کے کھلونے دیکھیں۔

25 منٹ
- بچے کوپی نکالیں۔ اپنے ساتھ جو کھلونا لائے ہیں اس کے بارے میں 5 جملے لکھیں۔ کھلونے کے بارے میں لکھتے وقت چند نکات یہ ہو سکتے ہیں۔

  - کھلونے کا نام
  - کہاں سے آیا
  - رنگ
  - کس طرح کھیلتے ہیں
  - کس کے ساتھ کھیلتے ہیں

• شانی مانی • ڈھکن • عینی
• دوپٹہ • کھلونے

# ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Rs 150